North America's First And Largest Weekly Urdu Newspaper

URDU TIMES Canada

WEEKLY

ہفت روزہ

نارتھ امریکہ کا پہلا اور کثیر الاشاعت اردو اخبار

اردو ٹائمز

کینیڈا

Vol. 34 Issue # 23 Wednesday, June 04, 2014 (06 Shaban 1435) email: utcl@bellnet.ca

نیڈیک کے نئے بورڈ کی پہلی پکنک اریندیل پارک مسی ساگا میں منعقد

رنگارنگ پروگرام میں ممبران کی بڑی تعداد نے پکنک میں بھرپور طریقے سے شرکت کی

ٹورانٹو (سٹاف رپورٹر) این ڈی المنائی کے نئے بورڈ نے سالانہ پکنک 17 مئی کو اریندیل پارک مسی ساگا میں منعقد ہوئی یہ ایک رنگارنگ پروگرام تھا جس میں این ڈی گریجویٹس اور ان کے فیملی ممبران نے ایک بہت بڑی تعداد میں شرکت کی مئی کے اعتبار سے کیس حد تک نامہربان موسم کے باوجود ممبران کی بڑی تعداد موجود تھی ساڑھے بارہ بجے تک پکنک کے لئے مختص ایریا تقریباً دوسو لوگوں سے بھر چکا تھا مہمانوں کو سموسے اور پکوڑے پیش کئے گئے اور ساتھ ساتھ ہی شاہ قرین نے محفل کو ہلکے پھلکے نغموں کی خوشبو سے مہکائے رکھا نیڈک کی سوشل کمیٹی اور کے والینٹیئرز نے اس پکنک کو نہایت اچھے انداز میں منعقد کیا اور انتہائی اچھے انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچایا اس پکنک میں کھیلا گیا کرکٹ میچ خاص طور پر لوگوں کی توجہ کا مرکز بنا رہا کھیلنے والوں کے ساتھ ساتھ دیکھنے والوں نے بھی اس کو پوری طرح سے انجوائے کیا یہ میچ ممبران نے آپس میں دو ٹیمیں بنا کر کھیلا اس کے علاوہ عورتوں اور بچوں میں رسہ کشی کے مقابلے اور بچوں میں سو میٹر کی دوڑ کے مقابلے بھی کروائے گئے لوگوں نے پوری طرح سے اس میں حصہ لیا اور لطف اندوز ہوئے اس کے علاوہ بچوں نے فیس پینٹنگ کے مزے لوٹے اور زیادہ سے زیادہ کیڈیز بھی جمع کیں اس کے بعد کھانا پیش کیا گیا جس کی مقدار اور ذائقے کی تعریف کی گئی یہ پکنک ہر اعتبار سے ایک کامیاب پکنک تھی اور تمام شرکاء نے ایک اچھا اور یادگار وقت گزارا اور تقریباً ہر کسی نے آرگنائزنگ کمیٹی کی کوششوں کو سراہا اور اتنا اچھا ایونٹ کروانے پر مبارکباد دی۔